106555 - عمرہ کرے یا عمرے پر آنے والے خرچہ کو جہاد ، تعلیم، اور مساکین پر خرچ کردے؟

سوال

سوال: نفلی عمرہ کا خرچہ جہاد، تعلیم، اور غریب لوگوں کی مدد میں خرچ کرنا افضل ہے یا عمرہ کرنا؟ اور کیا اس میں رمضان کا عمرہ بھی شامل ہوگا؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں۔

"اگر عمرے میں خرچہ زیادہ نہ کرے ، میانہ روی اختیار کرے تو ظاہری طور پر ان دونوں عبادات کو جمع کیا جاسکتا ہے، خاص طور پر رمضان المبارک کا عمرہ، اور اگر جمع کرنا ممکن نہ ہو تو جس کا فائدہ دوسروں تک پہنچے وہ افضل ہوگا، اس لئے جہاد، تعلیم، اور غریبوں کی مدد کرنا افضل ہے" انتہی .